Rampur State Gazette.

رامپور اسٹیٹ گزٹ

بحکم اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

نمبر ۳۳ مطبوعہ روز شنبہ بتاریخ ۱۰ ماہ رجب المرجب ۱۳۵۸ھ مطابق ۲۶ ماہ اگست ۱۹۳۹ء جلد ۵۱

حصہ اول

احکام اجلاس ہمایوں اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

نمبر	مضمون	صفحہ
۱	عرضداشت عالیرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر باظہار شکرگزاری کمیٹی تحفظ مفاد ملازمان کارخانہ جات	۲
۲	منظوری اضافہ بہ تنخواہ عالیرتبت صاحب ہوم منسٹر بہادر	۳
۳	رخصت عالیرتبت صاحب چیف کمانڈنٹ وملٹری سکریٹری بہادر	۳، ۴
۵	تقرر یک کس آسامی کلرک جدید برائے دفتر ناظم صاحب	۴
۶	عطائے امداد (پندرہ ہزار روپیہ) برائے "اسلامیہ کالج" (پشاور)	۵
۷	متفرق احکام اجلاس ہمایوں	از ۵ تا ۸

آرڈرز اسٹیٹ کونسل رامپور

نمبر	مضمون	صفحہ
۱	منظوری رخصت ماسٹر لطیف احمد اسسٹنٹ ٹیچر رضا اسکول (بغرض ٹریننگ سی۔ٹی)	۹

مطبوعہ اسٹیٹ پریس رامپور

احکام اجلاس ہمایون اعلیٰحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

حکم:- (سوری) واقع ۱۶ اگست ۱۹۳۹ء

ملاحظہ ہوا - واپس ہو

اعلیٰحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

اعلیٰ حضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

بعز عرض میرساند

جناب عالی

تحفظ مفاد ملازمان کارخانہ جات کے لئے حسب ذیل ارکان کی کمیٹی بتاریخ ۲۰ جولائی ۱۹۳۹ء حضور معلیٰ سے مقرر فرمائی گئی تھی:-

(۱) عالی مرتبت مسٹر آر۔ ایچ سالٹو صاحب بہادر ریونیو و فنانس منسٹر — صدر

(۲) عالی مرتبت صاحبزادہ عبد الجلیل خان صاحب بہادر ہوم منسٹر — ممبر

(۳) عالی مرتبت مسٹر ہوری لال ورما صاحب بہادر اسٹیٹ ایڈووکیٹ — ممبر

کمیٹی مذکور نے مختلف اوقات میں جلسے منعقد کر کے نہایت محنت و جانفشانی کے ساتھ مسودات قوانین معاوضہ مزدوران - ادائگی اجرت مزدوران - اتحادیہ جماعت اہل حرفہ - آب گرما - آتش گیر - مادہ ہائے آتش گیر - تنازعات مابین اہل حرفہ مرتب کئے ہیں - قوانین آتش گیرندہ مادہ ہائے آتش گیر اہم اور غیر متنازعہ ہونے کے باعث اجلاس حضور معلیٰ سے منظور ہو چکے ہیں - مابقی قوانین علاوہ قانون تنازعات مابین اہل حرفہ کے اسٹیٹ کونسل میں پیش ہو کر حصول رائے عامہ کے لئے گزٹ میں شائع ہو چکے ہیں - قانون تنازعہ مابین اہل حرفہ - اسٹیٹ کونسل کے آئندہ جلسہ میں پیش ہو کر ۱۹ اگست ۱۹۳۹ء کے گزٹ میں بغرض حصول رائے عامہ شائع ہوگا - اور جملہ قوانین کمیٹی واضع قوانین کے آئندہ جلسہ منعقدہ ماہ ہذا میں پیش ہو کر بغرض منظوری حضور معلیٰ میں پیش کئے جائیں گے۔

عالی مرتبت صاحب ریونیو منسٹر بہادر نے ممبران کمیٹی عالی مرتبت صاحبزادہ عبد الجلیل خان صاحب بہادر ہوم منسٹر و عالی مرتبت مسٹر ہوری لال ورما صاحب بہادر اسٹیٹ ایڈووکیٹ کی عظیم خدمات کا جو انہوں نے اس سلسلہ میں انجام دی ہیں شکریہ ادا کیا ہے۔ اور رپورٹ کارگزاری کمیٹی مذکور حضور معلیٰ میں

پیش کئے جانے کی استدعا کی ہے۔ لہذا رپورٹ کارگزاری ذریعہ عرضداشت برائے ملاحظہ حضورانور میں پیش ہے۔ زیادہ حد ادب۔

دولت جاوید باد

ع — ضے

دستخط عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

معروضہ ۴ راگست ۱۹۳۹ء

سررشتہ سے ایک نقل برائے اندراج گزٹ اسٹیٹ پریس کو بھیجی جائے۔ اصل بخدمت عالیمرتبت صاحب ریونیو منسٹر بہادر مرسل ہو۔

۱۹/۸ راگست ۱۹۳۹ء

دستخط عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

حکم:- داقع ۱۹ راگست ۱۹۳۹ء

(سوری)

بموجب رپورٹ۔ عالیمرتبت صاحب ہوم منسٹر بہادر کی تنخواہ میں ۲۲ راپریل ۱۹۳۹ء سے چھتیس روپیہ ماہانہ کا اضافہ منظور ہے۔

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں

دستخط اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

بعز عرض

میرسٹا

جناب عالی

یو۔پی گورنمنٹ سے بتوسط صاحب ریزیڈنٹ بہادر اطلاع موصول ہوئی ہے کہ عالیمرتبت صاحبزادہ

عبدالجلیل خاں صاحب بہادر ہوم منسٹر کو دوسرا ایکسٹنشن بار منظور کرنے کی اجازت دیدی گئی ہے اور صاحب موصوف کو ۲۲ راپریل ۱۹۳۹ء کو گورنمنٹ میں تجاویزات کے تیس روپیہ ماہوار اضافہ ہوکر چھ سو نوے روپیہ سالانہ ملیں گے۔ اور اس گریڈ کے سالانہ اضافہ جات پانے کے مستحق ہوں گے۔ بموجب شرائط ودہ ریاست میں بھی ۲۲ راپریل ۱۹۳۹ء سے تیس روپیہ ماہانہ اور اسپر فورٹی روپیہ ایزادی بشرح بیس روپیہ فی صدی یعنی کل چھتیس روپیہ ماہانہ اضافہ پانے کے مستحق ہیں۔ ترقی خواہ مستدعی ہے کہ ۲۲ راپریل ۱۹۳۹ء سے چھتیس روپیہ ماہوار کا اضافہ عالیمرتبت صاحب ہوم منسٹر بہادر کی موجودہ تنخواہ میں پیشگاہ ہمایوں سے منظور فرمایا جائے۔ زیادہ حد ادب

دولت و اقبال برترقی باد

ع — ضے

ترقی خواہ دستخط عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

معروضہ ۱۰ راگست ۱۹۳۹ء

حکم:- داقع ۱۹ راگست ۱۹۳۹ء

(سوری)

حسب عرضداشت عالیمرتبت صاحب چیف کمانڈنٹ و ملٹری سکریٹری بہادر باستدعائے عطائے رخصت چودہ یوم از ۲۳ راگست لغایت ۵ رستمبر ۱۹۳۹ء بضرورت حج

حکم

بموجب رپورٹ۔ عالیمرتبت صاحب چیف کمانڈنٹ ملٹری سکریٹری بہادر کی رخصت چودہ یوم ۲۳ر اگست لغایتہ ۵ر ستمبر ۱۹۳۹ء منظور ہے لفٹنٹ کرنل عزیز حسن خاں بہادر کام انجام دینگے سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

آدمی آرڈر جاری کیا جائے۔

دستخط اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

حکم

واقع ۱۹ر اگست ۱۹۳۹ء

(مسوری)

بموجب رپورٹ۔ تقرر آسامی کلرک بہ تنخواہ تیس روپیہ ماہوار کی منظوری دیجاتی ہے۔

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط اعلی حضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

اعلی حضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

بعز عرض — جناب عالی — میرساند

اسٹیٹ کونسل کے جلسہ منعقدہ ۱۲ر اگست ۱۹۳۹ء میں تجویز عالی مرتبت صاحب ریونیو منسٹر بہادر بجٹ بصیغہ ... پیش ہوئی کہ بحکم اجلاس ہمایوں معہودہ ... ناظم صاحب کو اکسائز ڈیوٹی شکر کی جانچ کے سلسلے میں وکل سیل کی جانچ اور اس کا مفصل حساب کتاب نیز فیکٹریز کے گوداموں کا وقتاً فوقتاً معائنہ کرنے کی غرض سے "اکسائز افسر" مقرر کیا گیا ہے۔ حسابات وغیرہ کی داشت کے لئے چند رجسٹران کا اجرا۔ کیا جائیگا۔ اور ہیڈ آفس کارخانہ جات اور پبلک سے زیادہ تر مراسلت انگریزی میں کرنا ہوگی ناظم صاحب کے دفتر کے عملہ موجودہ کے پاس کام کافی ہے۔ نیز یہ کہ ان میں سے کوئی انگریزی داں نہیں ہے۔ اس لئے ایک آسامی انگریزی داں کلرک کی بمشاہرہ تیس روپیہ ماہانہ منظوری کی ضرورت ہے اس آسامی کی تنخواہ تا اختتام سال حسابی محکمہ بال کی گنجائش سے ادا کی جائے گی۔ اکسائز ڈیوٹی شکر کی آمدنی تقریباً دس گیارہ لاکھ روپیہ کی ہوگی۔

صیغہ فائنانس اور کونسل نے جلسہ مذکور میں تقرر آسامی کلرک سے اتفاق کرلیا ہے۔ اور یہ بھی تجویز کیا ہے کہ ایک اسکیم متعلق اسٹامپ زیر غور ہے۔ اس کی منظوری ہوجانے پر یہی کلرک اسٹامپ کا کام بھی کرے گا۔

کاغذات ذریعہ عرضداشت حضور انور میں پیش ہیں۔ ترقی خواہ ملتمس ہے کہ بنگاہ ہمایونی حکم منظوری تقرر آسامی کلرک بمشاہرہ تیس روپیہ ماہانہ شرف نفاذ پائے۔ زیادہ حد ادب۔

دولت جاوید باد۔

عرضی

ترقی خواہ ملتمس عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

معروضہ ۱۶ر اگست ۱۹۳۹ء

حکم:— داقع ۱۹ اگست ۱۹۳۹ء

(سودی)

تجویز مندرجہ رپورٹ منظور ہے۔

کاغذات عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہوں۔

دستخط اعلیٰحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم (دام ملکہم)

اعلیٰحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم (دام ملکہم)

بعز عرض — میرساند

جناب عالی

اسلامیہ کالج پشاور کے ڈیپوٹیشن سے ایک مناسب رقم بطور عطیہ اعلیٰحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم اسلامیہ کالج کو دیئے جانے کا وعدہ کیا گیا ہے۔ جدی تعلق اور رابطہ روہیلوں کی بنا پر اس ریاست کو پشاور کالج اور پشاور یونیورسٹی سے بھی خصوصی تعلق ہے۔ عالیمرتبت صاحب ہوم منسٹر بہادر نے بمشورہ عالیمرتبت صاحب فنانس منسٹر بہادر تجویز کیا ہے کہ پشاور کالج کو یونیورسٹی بنائے جانے کے سلسلہ میں بطور امداد صمہ کی رقم باقساط تین سال میں یعنی:—

صمہ سنہ ۴۰-۱۹۳۹ء، صمہ سنہ ۴۱-۱۹۴۰ء، صمہ سنہ ۴۲-۱۹۴۱ء

دیا جانا مناسب ہوگا۔

چونکہ اس صرف کے لئے بجٹ سال رواں میں رقم منظور شدہ نہیں ہے۔ اس لئے سال اول کی قسط تعدادی صمہ ... کا انتظام ختم سال کے قریب کیا جائے گا۔ دوسری اور تیسری قسط کی ادائگی کے لئے بجٹ سنہ ۴۱-۱۹۴۰ء و سنہ ۴۲-۱۹۴۱ء میں فراہمی رقم کی کارروائی کیجائیگی۔

اس تجویز سے کونسل نے جلسہ منعقدہ ۸ اگست سنہ ۱۹۳۹ء میں اتفاق کر لیا ہے۔ کاغذات ذریعہ عرضداشت حضور انور میں پیش ہیں۔

ترقی خواہ مستدعی ہے کہ بپیشگاہ ہمایوں سے تجویز مصرحہ بالا کی منظوری کا حکم شرف نفاذ پائے۔

زیادہ حد ادب — دولت جاوید باد۔

عرضی

ترقی خواہ دستخط عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

معروضہ ۱۵ اگست سنہ ۱۹۳۹ء

تجویز مندرجہ عرضداشت کی اجلاس ہمایوں سے منظوری ہوگئی۔ اصل کاغذات بغرض کارروائی ضروری عالیمرتبت صاحب ہوم منسٹر بہادر کی خدمت میں مرسل ہوں۔ سررشتہ صدر سے ایک ایک نقل صاحب فنانس سکریٹری بہادر و ڈپٹی سکریٹری صاحب دارالانشاء کی خدمتمیں ارسال کی جائے۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔

۲۱ اگست سنہ ۱۹۳۹ء

دستخط عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر۔

حکم:- ۱۹ر اگست ۱۹۳۹ء

(منظوری)

بموجب رپورٹ - بشمول ترمیمات دستور العمل حسابی" مستقلاً جاری کئے جانے کی منظوری دی جاتی ہے۔ سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط اعلیٰ حضرت بندگان حضور پر نور دام اقبالہم وملکہم

اعلیٰ حضرت بندگان حضور پر نور دام اقبالہم وملکہم

بعز عرض می رساند

جناب عالی

بحکم ہمایوں مصدرہ ۱۳ر اگست ۱۹۳۸ء
"دستور العمل حسابی"
مرتبہ صیغہ فائنانس کا اجراء تجربۃً برائے ایکسال منظور فرمایا گیا تھا - محکمہ فائنانس نے دوران سال میں عملی تجربہ کے اعتبار سے ترمیمات کا مسودہ پیش کیا ہے۔ اور بشمول ترمیمات "دستور العمل حسابی" مستقل منظور فرمائے جانے کی استدعا کی ہے۔ کونسل نے جلسہ منعقدہ ۱۳ر اگست ۱۹۳۹ء میں دستور العمل حسابی مع ترمیمات معروضہ بالا مستقل منظور فرمائے جانے سے اتفاق کیا ہے - جملہ کاغذات بغرض ملاحظہ ہمایوں حضور انور میں پیش ہیں

ترقی خواہ مستدعی ہے کہ پیشگاہ ہمایوں سے حکم مستقل منظوری "دستور العمل حسابی" بشمول ترمیمات مجوزہ فائنانس ڈپارٹمنٹ شرف نفاذ پائے۔ زیادہ حد ادب۔

دولت و اقبال جاوید باد۔

عرضی

ترقی خواہ دستخط عالیمرتبت صاحب پریسیڈنٹ بہادر

مورخہ ۱۹ر اگست ۱۹۳۹ء

حکم:- واقع ۱۹ر اگست ۱۹۳۹ء

(منظوری)

بموجب رپورٹ - تقرر اساتذہ و گریڈ کی منظوری دیجاتی ہے۔ سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں

دستخط اعلیٰ حضرت بندگان حضور پر نور دام اقبالہم وملکہم

اعلیٰ حضرت بندگان حضور پر نور دام اقبالہم وملکہم

بعز عرض می رساند

جناب عالی

عالیمرتبت صاحب ہوم منسٹر بہادر کا معروضہ ہے کہ ہنگام تیاری تجاویز متعلق اجراء
"رضا انٹرمیڈیٹ کالج"
یہ خیال کیا گیا تھا کہ پہلے سال گیارہویں درجہ میں ہندی و سنسکرت و انگریزی ہائی اسکول کے موجودہ اساتذہ سے پڑھوائی جائے گی۔ لیکن سکریٹری بورڈ آف ہائی اسکول اینڈ انٹرمیڈیٹ ایجوکیشن یو-پی نے تحریر کیا ہے کہ ہندی و سنسکرت و انگریزی پڑھانے کے لئے دو اساتذہ ایم - اے کی ضرورت ہے - ایک ایم - اے

انگریزی۔ دوسرے ایم۔ اے سنسکرت و ہندی ہے۔ ان آسامیوں کی تنخواہ آخر سال رواں تک کے تے مد شاہرات باقی اسکول میں گنجائش ہے۔ منتقلی وغیرہ کی ضرورت نہ ہوگی۔ ان لیکچرار کا گریڈ ۔ ۵۰۔ ۵۔ ۱۰۰۔ مالہ مثل دیگر لیکچرار کے ہوگا۔

فائنانس ڈپارٹمنٹ نے تقرر جدید آسامیان مذکورہ بالا اور گریڈ سے اتفاق کیا ہے۔ کاغذات ذریعہ عرضداشت حضور انور میں پیش ہیں۔ تنخواہ مستدعی ہے کہ حسب صراحت بالا تقرر دو آسامیان جدید و گریڈ کی منظوری کا حکم پیشگاہ ہمایوں سے مشرف نفاذ پائے۔ تاریخ کارکردگی سے تقرر آسامی مذکور کا عملدرآمد کیا جائے گا۔ چونکہ اسٹاف مکمل ہوئے بغیر تعلیم جاری نہیں ہوسکتی۔ اس لئے بلحاظ تعجیل کاغذات ہذا بلا توسط اسٹیٹ کونسل حضور معلی میں پیش کئے گئے۔ بعد منظوری کونسل کو اطلاع دیدی جائے گی۔

زیادہ حد ادب۔ دولت و اقبال جاوید باد

عرضی

ترقی خواہ دستخط عالیمرتبت صاحب منسٹر بہادر

معروضہ ۱۰ اگست ۱۹۳۹ء

حکم:- 　　　　　　　واقع ۱۵ اگست ۱۹۳۹ء

(منظوری)

رپورٹ منظور ہے۔ سررشتہ متعلقہ سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

بعز عرض　　　　　　　　　　　　میرسانہ

جناب عالی

بسلسلہ ریٹائرمنٹ عالیمرتبت کرنل ڈی میرنج صاحب بہادر آرمی منسٹر سابق و عالیمرتبت صاحب منسٹر بہادر پبلک ورکس سابق و انچی خدمات عالیمرتبت مسٹر محمود خاں صاحب بہادر سابق انسپکٹر جنرل بہادر پولیس کمیٹی واضع قوانین کے سرکاری ممبران کی مقررہ تعداد میں کمی ہوگئی ہے۔

عرضداشت حضور معلی میں پیش کرکے تنخواہ مستدعی ہے کہ تحت دفعہ ۳ ضمن (۳) نظام کمیٹی واضع قوانین ہر سہ مذکرہ بالا خالی جگہوں پر عالی مرتبت مسٹر سی۔ جی سمال صاحب چیف کمانڈنٹ ملٹری سکریٹری بہادر ڈاکٹر احسان محمد خاں صاحب بہادر فائنانس سکریٹری عالیمرتبت مسٹر اے جی ایلش صاحب بہادر انسپکٹر جنرل پولیس کو ممبران سرکاری نامزد فرمائے جانے کا حکم مشرف نفاذ پائے۔ زیادہ حد ادب

آفتاب دولت و اقبال بادرخشندہ

عرضی

ترقی خواہ دستخط عالیمرتبت صاحب منسٹر بہادر

معروضہ ۱۵ اگست ۱۹۳۹ء

حکم

داخلہ ۲۱ اگست ۱۹۳۹ء

(مسودہ)

مرتبہ عرضداشت عالی مرتبت جناب
چیف منسٹر بہادر باستدعائے صدور
حکم علیحدہ اجازت تعطیل یوم الجمعہ
بتاریخ یکم ستمبر ۱۹۳۹ء و منظوری رخصت
بادسط سالم تنخواہ پندرہ یوم از
۲ لغایت ۱۶ ستمبر ۱۹۳۹ء
مطلوبہ عالیمرتبت صاحب چیف
جسٹس بہادر بغرض روانگی بیرونجات
بضرورت ذاتی حسب استحقاق
مصدقہ صیغہ فائنانس بکارکنی
عالیمرتبت مسٹر جسٹس معین الدین
انصاری صاحب بہادر

حکم

بموجب رپورٹ - عالیمرتبت جناب چیف جسٹس بہادر
کی رخصت پندرہ یوم از ۲ ستمبر ۱۹۳۹ء اجازت
یکم ستمبر تعطیل جمعہ بادسط سالم تنخواہ منظور ہے۔
زمانہ رخصت میں عالیمرتبت مسٹر جسٹس معین الدین انصاری
صاحب بہادر علاوہ اپنے کام کے عالیمرتبت صاحب چیف جسٹس بہادر کا
کام بھی انجام دیں گے۔ سررشتہ صدر سے
احکام ضابطہ جاری ہوں

دستخط اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

آرڈران اسٹیٹ کونسل رامپور

آرڈران اسٹیٹ کونسل رامپور:-

درج گزٹ کی جائے

۲۲ راگست ۱۹۳۹ء

دستخط عالیجناب صاحب چیف منسٹر بہادر

واقع ۲۱ راگست ۱۹۳۹ء

اسٹیٹ کونسل کے جلسہ منعقدہ ۱۰ راگست ۱۹۳۹ء
میں تجویز عالی مرتبت صاحب ہوم منسٹر بہادر بابت
منظوری رخصت بوضع سالم تنخواہ ماسٹر لطیف احمد
اسسٹنٹ ٹیچر رضا اسکول من ابتدائے ۱۹ر جولائی ۳۹ء
لغایت ۱۵ راپریل ۱۹۴۱ء بضرورت ٹریننگ سی ٹی
پیش ہو کر طے ہوا کہ:-
حسب اتفاق صیغۂ فائنانس ماسٹر لطیف احمد
اسسٹنٹ ٹیچر رضا اسکول کی رخصت از
۱۹ر جولائی ۱۹۳۹ء تا ۱۵ راپریل ۱۹۴۱ء بوضع
کل تنخواہ منظور ہے۔

حکم ہوا کہ

آرڈر نواح کا غذات متعلقہ رائے کارروائی
ضروری بخدمت عالی مرتبت صاحب ہوم منسٹر بہادر
وصول ہو۔

دستخط عالیجناب صاحب چیف منسٹر بہادر

دستخط صاحب سکریٹری بہادر اسٹیٹ کونسل

بتعمیل حکم اجلاس ہذا مورخہ ۲۵ رجون ۱۹۳ء
حسب منشائے آرڈر اسٹیٹ کونسل سررشتہ ہذا
سے احکام ضابطہ جاری ہوں - اور ایک نقل